نہ ہوں بلکہ اس سے ان کو درحقیقت علمی فائدہ بھی پہونچے۔ خدا کرے یہ اسکیم بہمہ وجوہ کامیاب ہو بلکہ اس سے فیکلٹی کی روایات اور زیادہ شاندار ہو جائیں۔

دعائے صحت

پچھلے مہینہ کے رسالہ برہان میں حضرت مولانا سعید احمد اکبرآبادی ایڈیٹر رسالہ برہان دہلی کی علالت کی اطلاع دی گئی تھی لیکن اس کے بعد ان کی حالت اور تشویشناک ہوتی گئی۔ آج کل وہ علی گڑھ کے میڈیکل ایجاول میں داخل اسپتال میں داخل ہیں۔ موصوف یرقان (پیلیے کی بیماری) میں مبتلا ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی سے بہت زیادہ متوقع ہوں کہ آپ بہت جلد صحت یاب ہوکر اپنی آرام گاہ پر تشریف لے آئیں گے۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعاگو ہوں کہ ان کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم رکھے۔ (آمین) قارئین برہان اور اس ادارہ سے تعلق رکھنے والے حضرات سے میں دعائے صحت کی درخواست کرتا ہوں۔

عمید الرحمٰن عثمانی
پرنٹر و پبلشر و منیجر
رسالہ برہان دہلی